16-4-2001 طلباء کے علمی وادبی اور ثقافتی نشاطات کے ارتقاء کیلئے طلباء کے نمائندگان نامزد کئے گئے۔

26-4-2001 موضع غواڑی میں جامعہ دارالعلوم کے زیر اہتمام بجلی گھر کی سنگ بنیاد رکھی گئی۔

30-4-2001 فضیلة الشیخ مشعل سلیمان السعید حفظه الله تشریف لائے، ان کے اعزاز میں ایک شاندار جلسہ کا اہتمام کیا گیا۔ بعدازاں معزز مہمان نے سائٹ بجلی گھر، الأثر پبلک سکول غواڑی، مکتبۃ الجامعۃ اور فارم توحید آباد وغیرہ کا معائنہ کیا۔

18-5-2001 صوبہ سرحد کے وزیر مذہبی امور جناب مولانا قاری روح الله مدنی صاحب تشریف لائے، انکے ہمراہ سابق صوبائی وزیر مولانا عبد الباقی خان صاحب بھی تھے، مہمانان نے مرکز اسلامی سکردو، جامعہ دارالعلوم، فارم توحید آباد وغیرہ کا دورہ کیا۔

24-5-2001 مشرفین کلیۃ الحدیث کے زیر نگرانی جامعہ دارالعلوم کی آخری چار کلاسوں کے منتخب 60 طلباء کو مرکز اسلامی اور (شیگر) کا دو روزہ مطالعاتی دورہ کرایا گیا۔

25-5-2001 مجلۃ ''التراث '' کی مجلس ادارت کا اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں مختلف علاقوں سے مزید نمائندے مقرر کئے گئے۔

10-6-2001 جناب جنرل (ر) حمید گل صاحب جامعہ دارالعلوم تشریف لائے، اور اساتذہ وطلباء کو قیمتی نصیحتوں سے نوازا، بعدازاں مختلف سوالوں کے جواب بھی دئے۔

16-6-2001 مرکز اسلامی سکردو میں سہ ماہی کمپیوٹر کورس شروع ہوا، جس کیلئے جناب عبدالرحمٰن ربانی صاحب M.C.S کی خدمات حاصل کی گئیں۔ کورس کا افتتاح مدیر المرکز الاسلامی جناب ڈاکٹر محمد علی جوهر نے کیا۔

16-6-2001 فضیلة الشیخ نائف المطیری اور محسن جلوی عوض جلوی تشریف لائے اور جامع الجامعة کا افتتاح کیا۔

28-6-2001 جناب ڈاکٹر شعیب صاحب (آئی سپیشلسٹ) ابوظہبی سے تشریف لائے اور اپنے خرچ پر بنائے گئے تعلیمی ہال کلیۃ الدراسات کا معائنہ کیا۔ بعدازاں فارم توحید آباد، کلیۃ الحدیث اور دیگر پروگرامز کا بھی دورہ کیا۔